ریاست مدینہ
اور اسلامی
فلاحی مملکت
کا تصور
تعلیماتِ نبوی ﷺ
کی روشنی میں

# SEERAT-UN-NABI (S.A.W.S) & NA'AT BOOKS

# COMPETITIONS

## MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS AND INTERFAITH HARMONY GOVERNMENT OF PAKISTAN, ISLAMABAD

hereby notifies the following competitions of books for the year 1441 A.H / 2019.



## SEERAT BOOKS COMPETITION

(Books or Reference Books on Seerat-un-Nabi (S.A.W.S) in National, International and Regional Languages of Pakistan)

**(i)** Three prizes worth **Rs.100,000/- Rs.75,000/-** and **Rs.50,000/-** for books written in Urdu.
**(ii)** One prize worth **Rs.35, 000/-** in case of each Regional language of Pakistan.
**(iii)** Three prizes worth **Rs.50,000/-**, **Rs.40,000/-** and **Rs.30,000/-** for books on Seerat-un-Nabi written for children in Urdu.
**(iv)** Books written on Seerat-un-Nabi(S.A.W.S) in the category of Foreign language (English&Arabic)Three prizes worth @ **Rs.75,000/- Rs.50,000** and **Rs.40,000/-**

## NA'AT BOOKS COMPETITION

**(i)** Three prizes worth **Rs.50,000/-,Rs. 40,000/-** & **Rs.35,000/-** for Na'at written in Urdu
**(ii)** One prize worth **Rs.35,000/-** in case of each regional language of Pakistan.

## BOOK COMPETITION FOR WOMEN ONLY

Three prizes worth **Rs.100,000/-**,**Rs.75,000/-** and **Rs.50,000/-** for books written by female scholars on Seerat-un-Nabi,Naat-e-Rasool (S.A.W.S) or on any general Islamic topic in Urdu or English language.

## COMPETITION OF JOURNALS/MAGAZINES ON SPECIAL SEERAT OR NA'AT NUMBER

Three prizes worth **Rs. 30,000/- Rs. 25,000/-** and **Rs.20, 000/-** for publication of special number of Journals/Magazines on Seerat-un-Nabi (S.A.W.S) or Na'at.

## MAQALAT-E-SEERAT COMPETITION FOR MEN AND WOMEN.

There are three prizes worth@ **Rs.35,000/- Rs.30,000** and **Rs.25000/-** in the category of Maqalat-e-Seereat at National level both for men and women.Similarly three prizes i.e worth **Rs.25,000/-, Rs.20,000/-** and **Rs.15,000/-** in case of each Province and Azad Kashmir/Gilgat Baltistan / FATA / Federal Capital Territory (combined prizes) on the following topic:-

ریاست مدینہ اور اسلامی فلاحی مملکت کا تصور | تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں

## TERMS AND CONDITIONS:

**The following terms and conditions will apply to take participation in this competition:**

1. **(A)** All those books which have been written or published in the last five years from last date of this competition and have not been received at any stage previously for entry in any competition held under the Ministry of Religious Affairs and Interfaith Harmony are eligible for this competition.
   **(B)** The author of the book or article should be alive.
2. The books should be comprehensive, based on research, having literary merit and supported by original sources.
3. The book on Na'at should be in conformity with the injunctions of Islamic teachings.
4. The book should be an original work and not an anthology, rendition, translation or an interpretation in any form of a book published previously in any language or a copy of a published material.
5. The books/journals and articles containing errors in Quranic Verses and Ahadith or having portraits/images including title page of immoral living things or material conveying sectarian bias or showing lack of concern for the spirit of Islamic teachings or in the form of manuscript shall not be entertained.
6. Legible Seerat articles/papers, to be of one's own efforts, should comprise minimum 15 and maximum 20 pages (A4 Size) only.Further the font of the letters and headings should be comprised 16 and 18 respectively while first page should be used for name of the theme, name of the researchers alongwith postal address and contact numbers .Articles beyond this limit shall not be entertained.
7. In all cases the amount of award / prize is liable to be increased or decreased according to the availability of funds, or in keeping with the standard of book / articles. The award or otherwise shall be final by the Apex Committee and no appeal whatsoever shall be allowed.
8. Provinces of article writers will be determined on the basis of their domicile and NADRA NIC. Attested copy of domicile and NADRA NIC must be provided by them for the purpose.
9. The Prize winners of Maqalat-e-Seerat during years 2018 will not be eligible for the competition year 2019
10. The employees of the Ministry of Religious Affairs and Interfaith Harmony, its attached and subordinate offices are not allowed to take part in the competition.

**All those desirous to participate in the competition are requested to send (i) 10 copies of their books / journals etc and (ii) 05 copies of articles alongwith their complete bio-data, contact numbers alongwith attested copies of last degree,domicile and national identity cards to the undersigend.Minimum qualification for writing an article is graduation and its equivalent and soft copy of the article may be sent through email at**

**seerat.mora@gmail.com | LATEST BY 29th March 2019**


PID(I)3299/18

**DR.MUHAMMAD ALI**
RESEARCH OFFICER

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF RELIGIOUS AFFAIRS
AND INTERFAITH HARMONY
TEL: 051-9211351

**www.mora.gov.pk**

mora.official | MORAisbOfficial | moraifh.official | mediacellmora



# مُقَابلہ

## کُتُب سِیرَت النبی و نَعت

### وفاقی وزارت مذہبی اُمور و بین المذاہب ہم آہنگی

ریاست مدینہ اور اسلامی فلاحی مملکت کا تصور تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں

سیرت النبی ﷺ، نعتِ رسول مقبول ﷺ اور مقالات سیرت برائے سال 1441ھ/2019ء کیلئے مندرجہ ذیل مقابلوں کے انعقاد کا اعلان کرتی ہے

## مُقابلہ کُتُبِ سِیرَت یا حوالہ جاتی کُتُبِ سِیرَت

قومی زبان اردو، پاکستان کی علاقائی اور غیر ملکی زبانوں میں تحریر کردہ کتبِ سیرت یا حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے انعامات :

1 اردو زبان میں تحریر شدہ کتب سیرت/ حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے تین انعامات: مبلغ ایک لاکھ (100,000/-) روپے، پچھتر (75,000) ہزار روپے اور پچاس (50,000) ہزار روپے

2 پاکستان کی ہر علاقائی زبان میں لکھی ہوئی کتاب کے لئے مبلغ پینتیس (35,000) ہزار روپے کا ایک انعام:

3 صرف قومی زبان (اردو) میں بچوں کے لئے تحریر کردہ کتب سیرت النبی ﷺ کے لئے تین انعامات:
مبلغ پچاس (50,000) ہزار روپے چالیس (40,000) ہزار روپے اور تیس (30,000) ہزار روپے

4 غیر ملکی زبانوں (عربی اور انگلش) میں تحریر کردہ کتب سیرت/ حوالہ جاتی کتب سیرت کے لئے تین انعامات:
اول انعام، پچھتر (75,000) ہزار روپے، دوسرا انعام پچاس (50,000) ہزار روپے اور تیسرا انعام چالیس (40,000) ہزار روپے۔

## مقابلہ کُتُبِ نَعت

1 قومی زبان اردو میں طبع زاد نعتیہ مطبوعہ کلام/ کتب پر تین انعامات مبلغ پچاس (50,000) ہزار روپے، چالیس (40,000) ہزار روپے و پینتیس (35,000) ہزار روپے

2 پاکستان کی علاقائی زبانوں میں طبع زاد نعتیہ مطبوعہ کلام/ کتب پر ہر زبان کے لئے ایک انعام مبلغ پینتیس (35,000) ہزار روپے

## مقابلہ کُتُبِ اسلامی موضوعات برائے خواتین (خصوصاً خواتین میں اسلامی فکر کی ترویج کے لئے)

سیرت النبی ﷺ، نعت رسولؐ اور عمومی اسلامی موضوعات پر صرف خواتین کی اردو/ انگریزی زبان میں تحریر کردہ کتب کا مقابلہ، تین انعامات:
مبلغ ایک لاکھ (100,000/-) روپے، پچھتر (75,000) ہزار روپے اور پچاس (50,000) ہزار روپے

## مقابلہ رسائل مجلاتِ سِیرَت و نعت

سیرت النبی ﷺ اور نعت کے خصوصی شمارے شائع کرنے والے رسائل/ مجلّات کے لئے تین انعامات مبلغ تیس (30,000) ہزار روپے، پچیس (25,000) ہزار روپے اور مبلغ، بیس (20,000) ہزار روپے

## مقابلہ مقالاتِ سِیرَت

مقالاتِ سیرت پر مرد و خواتین کے لئے قومی سطح پر تین انعامات اول انعام (35,000) ہزار روپے، دوسرا انعام (30,000) ہزار روپے اور تیسرا انعام (25,000) ہزار روپے۔ اسی طرح الگ الگ تین انعامات: مبلغ پچیس (25,000) ہزار روپے، مبلغ بیس (20,000) ہزار روپے اور مبلغ پندرہ (15,000) ہزار روپے بالترتیب صوبائی سطح پر اور آزاد کشمیر/ گلگت بلتستان/ فاٹا/ اسلام آباد کی سطح پر مشترکہ انعامات کا درج ذیل موضوع پر اعلان کیا جا رہا ہے:۔

**ریاست مدینہ اور اسلامی فلاحی مملکت کا تصور | تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں**

## شرائط و ضوابط

**اس مقابلہ میں حصہ لینے کے لیے درج ذیل شرائط و ضوابط پر پورا اترنا ضروری ہے۔**

1 (الف) ایسی کتب جو اس مقابلہ کی آخری تاریخ سے گزشتہ پانچ سال کے عرصہ کے دوران لکھی اور شائع کی گئی ہوں اور اس سے قبل وزارت ہذا کی طرف سے ماضی میں منعقد کئے گئے کسی مقابلہ میں موصول نہ ہوئی ہوں، اس مقابلہ میں حصہ لے سکتی ہیں۔
(ب) مصنفِ کتاب یا مقالہ نگار بقید حیات ہو۔

2 تمام کتب جامع ہونے کے ساتھ ساتھ تحقیق پر مبنی، ادبی ذوق کی حامل اور اصل ماٰخذ سے مزین ہوں۔

3 نعتیہ کتب اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ہوں۔

4 کتاب اصل/ طبع زاد ہو اور نہ تو مجموعہ منتخب کلام ہو اور نہ اس سے پہلے کسی دوسری زبان میں لکھی اور طبع شدہ کسی کتاب کا ترجمہ چربہ یا تشریح و تفسیر ہو یا کسی شائع شدہ مواد کی نقل ہو۔

5 مقابلہ میں شامل ہونے والی وہ تمام کتب/ رسائل و مجلّات/ مسودات اور مضامین جن میں درج قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ میں کسی قسم کی کوئی غلطی ہو یا ان میں سرورق سمیت غیر اخلاقی تصاویر ہوں یا وہ ایسے مواد پر مشتمل ہوں، جو فرقہ واریت تعصب نفرت آمیز اور توہینِ مقدسات کا باعث ہو یا وہ اسلامی تعلیمات کی روح سے عاری ہوں، شامل نہیں کیں جائیں گی۔

6 مقالات سیرت صاف و خوش خط اور مصنف کی ذاتی کاوش کا نتیجہ ہوں جو کم سے کم 15 اور زیادہ سے زیادہ 20 صفحات (A4 سائز کاغذ) کی ایک جانب تحریر ہوں نیز یہ کہ الفاظ اور ہیڈنگ کا سائز (فونٹ) ۱۶، ۱۸ بالترتیب پر مشتمل ہو اور شروع کے ایک صفحہ پر مقالہ کا موضوع، مقالہ نگار کا نام و پتہ اور رابطہ نمبرز درج ہونے ضروری ہیں۔ مقررہ شرائط پر پورا نہ اترنے والے مقالات ہرگز قابل قبول نہ ہونگے۔

7 مذکورہ جملہ معاملات میں حالات حاضرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے وزارت ہذا کمی بیشی کر سکتی ہے۔ انعامات کی ادائیگی یا عدم ادائیگی کے ضمن میں منصفین (اپیکس کمیٹی) کا فیصلہ قطعی ہوگا اور ان کے اس فیصلے پر نہ تو کوئی اعتراض ہو سکے گا اور نہ ہی اسے چیلنج کیا جا سکے گا۔

8 مقالہ نگاران کو صوبے/ علاقے کے تعین کے لئے اپنے ڈومیسائل اور نادرا شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی فراہم کرنا ہوگی۔

9 گذشتہ سال ۲۰۱۸ء کے مقالات سیرت کے انعام یافتگان اس سال کے مقابلہ مقالات سیرت ۲۰۱۹ء میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔

10 وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اس سے ملحق/ ماتحت اداروں کے ملازمین کو ان مقابلوں میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

مقابلہ میں شرکت کے جملہ خواہش مند (مرد و خواتین) سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنی اپنی کتب/ رسائل و مجلّات کے دس (۱۰) عدد نسخہ جات اور مقالاتِ سیرت کی پانچ (5) عدد ہارڈ کاپیاں، اپنے مکمل کوائف حیات (Bio Data)، رابطہ نمبرز اور آخری حاصل کردہ تعلیمی سند، ڈومیسائل اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں زیر دستخطی کو **29 مارچ 2019ء** تک ارسال فرمائیں۔

**مقالہ لکھنے کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت گریجویشن یا اُس کے مساوی رکھی گئی ہے**

نیز یہ کہ مقالہ جات کی سافٹ کاپی
**seerat.mora@gmail.com**
پر ای میل کرنا بھی ضروری ہے۔


ڈاکٹر محمد علی
ریسرچ آفیسر

حکومت پاکستان
وزارت مذہبی اُمور و بین المذاہب ہم آہنگی
فون نمبر 051-9211351


PID(I)3299/18

www.mora.gov.pk

mora.official | MORAisbOfficial | moraifh.official | mediacellmora